اور ان کی اولاد کو یہ شرف حاصل نہیں ہے۔
کتاب اپنے موضوع پر بڑی دلچسپ ہے۔

اخبار اُردو | مدیر مسئول: ڈاکٹر وحید قریشی صدر نشین مقتدرہ قومی زبان۔
مقام اشاعت: شمائلہ اعوان پلازہ۔ ۱۶۔ڈی (غربی) بلیو ایریا۔ ایف ۱/۶ اسلام آباد۔
فی پرچہ ایک روپیہ۔ سالانہ دس روپے۔
جنوری ۱۹۸۷ء میں جلد نمبر ۴ کا جو شمارہ نمبر ۱ شائع ہوا ہے۔ وہ گویا ایک خاص نمبر ہے جس کا موضوع ڈاکٹر سید عبداللہ مرحوم کی ذات وخدمات ہیں۔ اور عنوان ہے "محسن اُردو نمبر" اس نمبر میں آپ کو ڈاکٹر صاحب مرحوم کا پورا تعارف، ان کے متعلق منظوم خراج عقیدت، قطعاتِ تاریخ، تاثرات، نوادرات، مضامینِ سید، انتخاب خطباتِ سید اور ڈاکٹر صاحب ہی کی کتاب "مقاصدِ اقبال" پر تبصرہ یک جا ہیں۔ اتنے محدود صفحات (۶۰) میں نہایت قلیل عرصے میں جو کچھ سامانِ مطالعہ جمع کر کے اربابِ مقتدرہ نے پیش کر دیا ہے، قابلِ تحسین ہے۔ اور اعتراف وتحسین کا طریقہ یہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ اصحاب اس نمبر کو حاصل کر کے پڑھیں۔

مقتدرہ قومی زبان کے پمفلٹ | پیش کش مقتدرہ قومی زبان۔ اسلام آباد۔ ناشر: ڈاکٹر وحید قریشی صدر نشین مقتدرہ۔ پتہ: مکان نمبر ۱۰، گلی نمبر ۳۲، سیکٹر ایف ۸/۱۔ اسلام آباد۔
جب سے ہمارے کرم فرما ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے جوش سے "مقتدرہ" کے ادارے کو سنبھالا ہے، وہ بڑی سرگرمی سے کام کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے انہی کے دور میں چند پمفلٹ مقتدرہ کی طرف سے موصول ہوئے تھے اور ان کا تعارف کرایا گیا تھا۔ اب گیارہ پمفلٹ مزید موصول ہوئے ہیں۔ تمام پمفلٹ سفید کاغذ پر پرکشش اور دیدہ زیب طباعتی نفاست کے ساتھ شائع ہوئے۔ سب پر رنگین سرورق ہیں۔ ان میں سے اُردو زبان سے متعلق بہت سی نادر معلومات یا تحقیقی بحثیں پیش کی گئی ہیں۔
پوری فہرست یہ ہے:- ۱۔ مشینی ترجمے کا ماضی اور مستقبل (از خورشید یوسف) ۲۔ اُردو کی پہلی مطبوعہ کتاب (از سلیم الدین قریشی) ۳۔ برطانیہ میں اُردو کے چار سال (رالف رسل کے